# بچوں کی پرورش میں غفلت نہ برتیے

## مسلسل ذہنی اذیت اور تشدد بچے کو چڑچڑا، بدلحاظ اور بدتمیز کر دیتے ہیں

تحریر......
محمد عتیق

گزشتہ دنوں ایک دوست کی طرف جانا ہوا۔ مہمان خانے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ قریبی گھر سے اونچی آواز میں بولنے کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں۔ تجسس نے معلوم کرنے پر مجبور کیا اور پتا چلا کہ ماں اور بیٹے کے درمیان تلخ کلامی ہو رہی ہے۔ بچہ ساتویں جماعت کا طالب علم تھا جو پڑھنے سے جان چھڑوا رہا تھا۔ ماں کی آواز سے اونچی آواز اس کے بیٹے کی تھی۔ اگر ماں ایک بات کرتی تو بیٹا آگے سے دو باتیں سناتا۔ مسئلہ صرف یہ تھا کہ ماں جی پڑھانا چاہ رہی تھیں اور بچہ اس وقت پڑھنے سے انکاری تھا۔ بچہ اگر بدتمیزی کر رہا تھا تو ماں جی بھی غصے میں زبان پر آئی بات روکنے سے انکاری تھیں۔ کوئی 10 سے 15 منٹوں تک یہ سلسلہ جاری رہا، پھر نجانے کیسے تھم سا گیا۔

یہ مسئلہ موجودہ نسل کے ساتھ بڑی شدت سے جڑا ہوا ہے۔ والدین کے پاس اپنے بہانے ہیں، جب کہ اولاد کے پاس اپنی مصروفیات ہیں۔ کچھ مصروفیات ایسی ہیں جو جان بوجھ کر ہم نے اپنے اوپر ایسی مسلط کرلی ہیں کہ جیسے ان کے بغیر ہمارا گزارا نہیں۔ ہمیں ذہن میں رکھنا چاہیے کہ

### وقت کرتا ہے پرورش برسوں
### حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

اکثر و بیشتر گھروں میں یہ مسئلہ اس وقت پوری شدت سے موجود ہے۔ والدین بچوں سے دور اور بچے والدین کی الفت سے نابلد ہوکر نقصان دہ چیزوں میں پناہ ڈھونڈنے کی ناکام کوشش کرتے نظر آتے ہیں۔ بچوں کے بات نہ ماننے کی وجوہ میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے کہ والدین انھیں وقت نہیں دیتے۔ اگر کچھ والدین وقت دیتے بھی ہیں تو وہ صرف پڑھائی یا نصیحت کیلیے ہوتا ہے۔ ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ بچہ وہی کامیاب ہوگا جو پڑھ لکھ جائے گا۔ حالانکہ ایسے واقعات موجود ہیں کہ پڑھائی سے بھاگے ہوئے افراد نے پرسکون اور اچھی زندگی گزاری ہے۔ ہم تربیت کی طرف توجہ دینے کے بجائے کتابوں کو رٹا لگوانے پر زور دیتے ہیں۔ ہم بچے کو خودکار مشین سمجھتے ہیں کہ اس کے کوئی جذبات نہیں ہیں۔ بس ایک پروگرامر کی طرح بچے کو کمانڈ دے کر سمجھتے ہیں کہ ہم نے اپنا فرض پورا کرلیا ہے۔ کھانا، پینا، جیب خرچ، اسکول کے اخراجات، ہوم ٹیوشن کے لوازمات اور نت



نئے کھلونوں سے آراستہ کمرہ دے کر احسان جتاتے پھرتے ہیں کہ اتنا کچھ کرنے کے بعد بچے ہماری بات نہیں مانتے اور نہ ہی ہمیں فوقیت دیتے ہیں۔

ہمیں ذہن نشین کرلینا چاہیے کہ بچہ کبھی بھی والدین کی طرف سے دی جانے والی سہولیات کی وجہ سے قریب نہیں ہوتا، یہ صرف ذریعہ ہوسکتے ہیں۔ بچہ بچپن سے ہی سیکھنا شروع کردیتا ہے، بلکہ بچپن میں سیکھنے کا عمل تیز ہوتا ہے۔ بچے نے ہر وہ کام کرنا ہوتا ہے جو وہ اپنے سامنے ہوتا دیکھتا ہے۔ بچے کے سامنے ایک دوسرے کو عزت سے پکاریے، زمانے کی رفتار سے ہم آہنگ ہونے کی کوشش کیجیے اور بچے کی تربیت اس نہج پر کیجیے کہ وہ اپنے کام خود سے کرسکے۔ اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب اسے چھوٹی سی عمر میں ہی چھوٹے چھوٹے کام کرنے کو دیے جائیں۔

جب بچے حد سے زیادہ بدتمیز ہوجائیں تو ہم نفسیات کے ماہرین کے پاس جا پہنچتے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ بچوں کی کاؤنسلنگ کروانے سے پہلے والدین کو اپنی کاؤنسلنگ لازمی کروانی چاہیے، بلکہ صرف اپنی ہی کاؤنسلنگ کروائیں تو شاید بہت ہی کم بچے کی کاؤنسلنگ کی ضرورت پڑے۔

ماہر نفسیات کے پاس جاکر بھی آپ کا بچہ کیا کرتا ہے؟ کبھی غور کیجیے گا۔ ماہر نفسیات اسی بچے کو قابو کرتا ہے، جسے پورا گھر قابو کرنے میں ناکام ہوجاتا ہے۔ وجہ تشدد پسندانہ رویہ اور وہ طنزیہ نظریں ہوتی ہیں جو بچے کو اکساتی ہیں کہ وہ کچھ الٹا سیدھا کرے۔ ماہر نفسیات بچے کے سامنے ایک خالی سلیٹ کی مانند جاتا ہے اور بچے کو موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنا سارا غبار لکیروں، ٹوٹے پھوٹے لفظوں اور ادھ لکھے حروف کی شکل میں اس پر لکھ دے۔ جب بچے کا غبار، غصہ اور شکایات ختم ہوتی ہیں تو ماہر نفسیات آپ کی فراہم کردہ معلومات کو خوب صورتی سے، مٹھاس سے اور شیریں آواز میں اس کے دماغ میں انڈیل کر اسے قائل کرتا ہے کہ وہ اپنے والدین کا خیال کیا کریں۔ بس انداز بدلا گیا اور بچے کو وہی بات اپنے فائدے کی لگی جس کی وجہ سے اس نے جان و دل سے اسے قبول کرلیا۔

یہی وقت اگر آپ بچے کو دیں تو وہ آپ کے ساتھ اپنے مسائل بانٹے گا۔ آپ کو اپنے رویے سے اسے قائل کرنا ہوگا کہ آپ اس کا بھلا چاہتے ہیں۔ یاد رکھیے کہ بھلا جوتے مارنے سے نہیں ہوتا اور نہ بچے کی عزت نفس کو سر بازار مجروح کرنے سے ہوتا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کا مفہوم ہے کہ دوست کو نصیحت اکیلے میں کرنی چاہیے۔

اولاد تو دوست سے بڑھ کر ہوتی ہے تو کیوں ہم اسے سب کے سامنے ذلیل کرکے فخر کر رہے ہوتے ہیں کہ وہ بڑا فرمانبردار ہے۔ حالانکہ وہ اگر خاموش ہے تو صرف اس لیے کہ مزید تماشا نہ بنے۔ مسلسل ذہنی اذیت اور تشدد اسے چڑچڑا، بدلحاظ اور بدتمیز کردیتے ہیں اور بعض اوقات تو بات خودکشی تک پہنچ جاتی ہے۔ ہم سمجھ رہے ہوتے ہیں کہ اسے کسی کی نظر لگ گئی ہے، حالانکہ معاملات ہم نے خود خراب کیے ہوتے ہیں۔ بجا کہ نظر کا معاملہ بھی ہے لیکن اس سے ہٹ کر بھی بہت کچھ ایسا ہوتا ہے جو ہمیں اپنے آپ میں بہتر کرنا ہوتا ہے۔

**ہم نے پتا نہیں کہاں سے ایک خول چڑھا لیا ہے اپنے اوپر کہ بچوں کے ساتھ ہنسی مذاق نہیں کرنا، ان سے ہنسنا نہیں ہے، انھیں اپنے ساتھ باہر نہیں لے کر جانا اور نہ ہی ان کے ساتھ دوستانہ ماحول رکھنا ہے۔ ہمیں رعب و دبدبے میں رہنا ہے تاکہ وہ سدھر کر اپنی دنیا بنالیں۔ تو جناب معذرت کے ساتھ آپ اپنے بچے پر ظلم کررہے ہیں۔ اسے لطف اندوز ہونے دیجیے، اپنے ساتھ کھیلنے دیں اور اسے اپنی عمر کے کام کرنے دیں تاکہ وہ سمجھ سکے کہ تجربات سے کیسے سیکھنا ہے۔ غلط و صحیح کا فیصلہ کرنے دیں۔ آپ بس نظر رکھیں تاکہ ان میں احساس پیدا ہو۔**

خدارا! اپنے بچوں کو وقت دیجیے تاکہ وہ آپ کی بات سنیں اور اخلاقی پستیوں میں گرنے سے محفوظ رہ سکیں۔



# جنگ اور کتب

## علم کشی کی داستان نسل کشی سے دگنی ہولناک ہوتی ہے

لائبریری علم کی ایک پناہ گاہ ہے، جہاں بے شمار مصنفین اور شاعروں کی سرگوشیاں ہوا میں رقص کرتی ہیں، اور لازوال کہانیوں کے صفحات ان پرجوش دلوں اور متجسس ذہنوں کا انتظار کرتے ہیں جو اس کے مقدس ہال میں قدم رکھتے ہیں۔ ہر کتاب ایک نئی دنیا کا گیٹ وے ہے، جو راہ گیر کو دعوت دیتی ہے کہ وہ معروف اور نامعلوم دونوں جگہوں کو تلاش کرے، فکر اور حیرت کی اس پناہ گاہ میں، کوئی بھی سکون، ترغیب، اور کہانیوں کے نرم گلے کو پا سکتا ہے جو ہمیشہ ہماری روحوں کی تسکین میں رہتا ہے۔

لائبریری کی مثال اس بیساکھی کی سی ہے جو کسی بھی قوم کو منہ کے بل گرنے سے روکتی ہے مگر فطرت انسانی یہ ہے جنگی حالات میں انسان ''نسل کشی'' کے بجائے ''علم کشی'' کی طرف راغب ہوتا ہے کیوں کہ جنگ میں کامیابی دشمنوں کا خوں بہانے سے نہیں ملتی بلکہ دشمنوں کو مفلوج کرکے حاصل ہوتی ہے۔ علم کشی کی داستان نسل کشی سے دگنی ہولناک ہوتی ہے۔ اور نسل کشی کا تعلق ''فلسطین'' سے ایسا ہے جیسے کسی ''طفل کا مادر رحم سے۔'' جی ہاں فلسطین!

فلسطین، ایک ایسی سرزمین جو تاریخ کی تپش سے مزین ہے، جو زیتون کے باغات کے ذریعے قدیم سرگوشیوں اور اپنے متحرک شہروں میں لچک کی گونجوں میں سانس لیتی ہے۔ فلسطین کا ساحل جدوجہد کے درمیان، لوگوں کا جذبہ ہمت اور امید کی تصویر پیش کرتا ہے، جو انسانی روح کی پائیدار خوبصورتی کا ثبوت ہے۔ اس کے مناظر پر غروب آفتاب صبر کی کہانیاں بیان کرتا ہے اور ایک روشن، پرامن کل کے خوابوں کو بیان کرتا ہے۔ مگر افسوس نسل کشی کے ساتھ فلسطین ''کتب کشی'' سے بھی دوچار ہوچکا ہے۔

19 صدی میں فلسطین کی پاک زمین پر ایک لائبریری کا جنم ہوا جس میں آج بھی عرب کلیکشن کا انتہائی بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ اس لائبریری کا نام اس کے بانی ''راغب الخالدی'' کے نام پر رکھا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ''راغب الخالدی'' کا تعلق خالدی گھرانے سے تھا۔ خالدیوں کا دعویٰ ہے کہ ان کا نسب ابتدائی مسلمان فاتح خالد بن ولید سے ملتا ہے، جو 642 میں فوت ہوا تھا۔ گیارہویں صدی عیسوی میں یروشلم میں خالدی نامی ایک خاندان کا تذکرہ کیا گیا تھا۔ تاہم، سب سے بہتر تصدیق شدہ خاندانی نسب مملوک سلطنت کے دوران 14 ویں اور 15 ویں صدی میں شروع ہوتا ہے۔

یہ لائبریری عربی میں المکتبہ الخالدیہ کے نام سے جانی جاتی ہے۔ یاد رکھیے کہ یہ پہلی عرب ''پبلک لائبریری'' ہے جو یروشلم کے قدیم شہر طارق باب السالکیلہ میں باب السلسلہ کے قریب قائم کی گئی تھی، جو مسجد اقصیٰ کے گھر الحرام الشریف کے مرکزی دروازوں میں سے ایک ہے۔

یہ لائبریری تین منزلہ عمارت پر مشتمل ہے۔ لائبریری کا نظام اتنا عمدہ تھا کہ یہاں مختلف علوم کو مختلف سائز کے پیپر پر محفوظ کیا جاتا تھا۔ تاکہ ان کی با آسانی کیٹگری معلوم ہوسکے۔

اس عمارت میں ایک دعائیہ مقام (محراب) اور خوارزمی امیر جنگجوؤں کی باقیات موجود ہیں جنھوں نے بارہویں، تیرہویں صدی میں صلیبیوں سے یروشلم کی بازیابی میں حصہ لیا تھا۔

اس لائبریری میں عربی مخطوطات کا دنیا کا سب سے بڑا نجی مجموعہ (تقریباً 1200 عنوانات) شامل ہے، جن میں سے سب سے قدیم تقریباً 1000 سال پرانا ہے۔ ان میں سے تقریباً 200 انتہائی نایاب اسلامی تحریریں ہیں، جن میں سے بہت سی رنگین سیاہی میں جیومیٹرک نمونوں سے پیچیدہ طور پر سجی ہوئی ہیں۔

اس کا مطبوعہ مجموعہ، جس میں زیادہ تر 19 ویں صدی کے پرانے مینو اسکرپٹ ہیں، یہ تقریباً 5500 جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس لائبریری میں 18 ویں صدی کے اوائل میں خاندانی دستاویزات کا ایک بہت بڑا آرکائیو بھی موجود ہے۔

یہ لائبریری مسلمانوں کا قیمتی اثاثہ ہے۔ خالدیہ کو بھی بہت سی دیگر عرب/مسلم املاک کی طرح اسرائیلی حکام اور آس پاس کے آبادکاروں کی طرف سے ضبط کرنے کی دھمکی دی گئی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ اس عمارت کے مشرقی حصے پر اسرائیلی قبضہ جما چکے ہیں۔ اب یہ ہم پر لازم ہے کہ ہم نسل کشی کے ساتھ ساتھ کتب کشی کو بھی روکنے کیلیے آواز بلند کریں۔

تحریر......
مقدس سمرہ

# بھروسہ اللہ پر کیجئے دولت اور اسباب پر نہیں!

دانیال شہاب

توکل علی اللہ کس کو کہتے ہیں؟ توکل علی اللہ کا مطلب ہے اللہ پر بھروسہ اور اعتماد کرنا۔ اعتماد اور بھروسہ کرنے کا کیا مطلب ہوتا ہے اس کو سمجھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہر آدمی سمجھتا اور جانتا ہے کہ کسی پر بھروسہ اور اعتماد کرنے کا کیا مطلب ہوتا ہے۔ سمجھنے کی بات یہ ہے کہ کسی پر بھروسہ کس طرح کیا جائے؟ کسی کی بات پر بھروسہ کیا جائے یا نہیں کیا جائے؟ عام طور پر جب انسان ایک دوسرے سے وعدہ کرتا ہے تو وعدہ لینے والا اس شک میں رہتا ہے کہ پتہ نہیں وعدہ کرنے والا اپنا وعدہ نبھائے گا یا نہیں؟ ساتھ ہی اس بات کا بھی اندیشہ ہوتا ہے کہ پتہ نہیں وہ اپنی نیک نیتی کے باوجود اپنا وعدہ پورا کرنے کی قدرت رکھتا ہے یا نہیں؟ یعنی وعدہ کرنے والے پر بھی شبہ اور اُس کی صلاحیت پر بھی شبہ۔ اسی شک اور شبہ کے نتیجے میں آدمی، آدمی کے وعدے پر مکمل اعتماد اور بھروسہ نہیں کر پاتا ہے۔ وہ ایک آدمی کے وعدہ کرنے کے بعد کسی خاص کام کے لئے دوسرا متبادل انتظام بھی کرتا ہے تاکہ وعدہ کرنے والا اپنا وعدہ پورا نہ کرے تو اُس کو نقصان نہ اٹھانا پڑے اور دوسرے انتظام کے تحت اُس کی ضرورت پوری ہوجائے۔ انسانی کمزوری اور مجبوری کے تحت انسان کے وعدے پر انسانوں کے بھروسے اور اعتماد کا جو انداز ہوتا ہے کیا اللہ تعالیٰ کے وعدے کو بھی ویسا ہی سوچنا اور سمجھنا درست ہوگا؟ نہیں ہرگز نہیں! ایسا کرنے کا مطلب ہے کہ آدمی اللہ کی قدرت کا قائل نہیں ہے اور اُس کو اللہ کی طاقت کا اندازہ نہیں ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی اعلیٰ صفات پر ایمان نہیں رکھتا ہے۔ اللہ پر جیسا ایمان ہونا چاہئے وہ اس سے بھی محروم ہے۔ اللہ پر توکل کرنے کے لئے انسان کو جس ایمان ویقین کی دولت چاہئے اُس کو حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل باتوں کو سمجھنا ہوگا: (۱) دنیا میں اُس کی پیدائش اللہ کے سوا کسی دوسری طاقت کا کارنامہ نہیں ہے۔ جس نے پیدا کیا، زندگی دی اور دنیا میں لانے تک کا انتظام کیا، وہ پروردگار کیا دنیا میں انسان کی بنیادی ضرورتوں سے بے پرواہو جائے گا؟ دنیا میں رزق دینے کا وعدہ اللہ نے کیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ روزی دینے کے معاملے میں وہ اہل ایمان اور اہل کفر کے درمیان کوئی بھید بھاؤ نہیں کرتا ہے۔ اپنی تمام مخلوق کو یکساں طور پر وہ روزی پہنچاتا ہے اور اُن کی ساری ضرورتیں پوری کرتا ہے۔ (۲) انسان جب دودھ پیتا بچہ تھا اور ہر لمحہ نگرانی اور مدد کا محتاج تھا تو اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے اُس کے ماں باپ اور اہل خاندان کے دل میں اُس کے لئے محبت کا دریا بہا دیا جس کے نتیجے میں اُن لوگوں نے تکلیف پر تکلیف اٹھا کر اُس کی زندگی اور کامیابی کی کوشش کی۔ جس مہربان مالک نے انسان کو زندہ، باقی اور قائم رکھنے کا اتنا عمدہ اور شاندار انتظام کیا، وہ پروردگار کیا اب اُس سے غافل ہوجائے گا؟ (۳) وہ صرف روزی کا انتظام ہی نہیں کرتا ہے بلکہ تمام مخلوق تک روزی پہنچانے کی قدرت بھی رکھتا ہے اور پہنچاتا بھی ہے۔ وہ اپنی تمام مخلوق تک جس طرح سے روزی پہنچاتا ہے اُس کا تھوڑا سا تجربہ انسان کو حیران کر دیتا ہے اور اُس کو اللہ تعالیٰ کی بے پناہ قدرت کا قائل بنا دیتا ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں انسان کا ایمان اللہ پر مستحکم ہوتا ہے کہ جو پروردگار ساری دنیا کو روزی دے رہا ہے کیا وہ اس کو روزی نہیں دے گا جبکہ وہ اپنے رب کا فرماں بردار بھی ہے؟ (۴) روزی اور رزق سے مراد صرف کھانا اور پانی ہی نہیں ہے بلکہ اس سے مراد زندگی کی وہ تمام جائز اور بنیادی ضرورتیں ہیں جن کے بغیر انسان کی زندگی زمین پر ممکن ہی نہیں ہے۔ انسان کو اپنی زندگی میں جتنی چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے یا پڑے گی اُن سبھوں کو اللہ تعالیٰ ہی پیدا کر رہا ہے۔ اُس کے سوا کوئی دوسرا اس کام میں اُس کا شریک نہیں ہے۔ انسان نے اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کی شکل وصورت بدل کر ان کو اپنے طریقے سے استعمال کرنے کا فن اور ڈھنگ سیکھ لیا ہے۔ ایسا کرنے کے لئے عقل وشعور اور صلاحیت واستعداد بھی اُسی مہربان پروردگار کی دی ہوئی ہے۔ یہ لیاقت اور قابلیت بھی کسی اور کی بخشی ہوئی نہیں ہے۔ (۵) قرآن میں اللہ تعالیٰ بار بار کہتا ہے کہ انسان اپنی ذات یعنی اپنے جسم کو دیکھے، اپنی مادی ضرورتوں کو دیکھے اور غور کرے کہ ان کی تکمیل کے لئے اللہ تعالیٰ نے کیا انتظام کیا ہے۔ پھر اپنی ذات سے باہر کی دنیا کو دیکھے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان، زمین، سورج، چاند، ستارے، سیارے، کہکشائیں، بادل، بارش، ہوا، پانی، پہاڑ، آگ، غلے، پھل، میوے، دودھ، گوشت، سبزیاں، علاج کے لئے جڑی بوٹیاں، پیڑ، پودے، پھل، پھول، سونا، چاندی، تانبا، پیتل، لوہا، پتھر، ہیرے، جواہرات، موتی، مونگے، چرندے، پرندے، درندے، کیڑے، مکوڑے، گرمی، سردی، برسات، ندی، نالے، دریا، جھرنے، سمندر، غرض اتنی چیزیں پیدا کی ہیں کہ اُن کا شمار کرنا بھی ا؟دمی کے لئے ممکن نہیں ہے۔ یہ سب کچھ انسان ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ (۶) انسان ان سب چیزوں کو دیکھ کر یہ سوچے کہ جس مہربان، رحم کرنے والے پروردگار نے اُس کے لئے اتنے انتظامات کیے ہیں وہ اُس سے غافل کیسے ہوسکتا ہے؟ وہ اپنا وعدہ کیسے بھول سکتا ہے۔ وہ انسان کے لئے ظالم اور جابر کیسے بن سکتا ہے؟ وہ تو رحمٰن اور رحیم، غفور اور کریم، ستار اور غفار ہے۔ اگر ان باتوں پر غور کرنے کے بعد بھی انسان کو اپنے خدا پر اعتماد کرنے کی توفیق نہیں ہوتی ہے تو پھر اُسے بدنصیب ہی کہا جائے گا اور ایسے انسان پر حسرت وافسوس کے سوا اور کیا کیا جاسکتا ہے۔ توکل علی اللہ اور تدبیر کا کیا رشتہ ہے؟ حقیقت سے ناواقف کچھ لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ تدبیر اور کوشش کرنا توکل علی اللہ کے خلاف ہے۔ توکل علی اللہ کا مطلب ہے کہ انسان سارے معاملات اللہ پر چھوڑ دے اور کسی معاملے میں بھی خود کوئی کوشش نہ کرے۔ ایسی غلط بات وہی لوگ کہتے اور سمجھتے ہیں جنہوں نے نہ تو قرآن کو سمجھ کر پڑھا ہے اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کو جانا ہے اور نہ ہی دنیا کی حقیقت کو پہچانا ہے۔ دنیا اور کائنات اللہ تعالیٰ نے ایسی بنائی ہے کہ یہاں جب تک کوئی ذریعہ نہیں پیدا ہوگا کوئی کام نہیں ہوسکتا ہے۔ انسان کی پیدائش کے لئے ماں باپ کا ہونا ضروری ہے۔ شوہر اور بیوی کے میل کے بغیر بچہ نہیں پیدا ہوگا۔ زمین کی مٹی کے بغیر غلہ نہیں پیدا ہوگا۔ زمین میں غلہ پیدا کرنے کی صلاحیت کے لئے آسمان سے بارش کا ہونا اور سورج کی حرارت کا ملنا لازمی ہے۔ ہوا نہ ہو تو انسان کا جینا دشوار ہو جائے۔ سماج کے لوگ اگر ایک دوسرے کی مدد نہ کریں اور امداد باہمی کے اصول کو نہ اپنائیں تو انسان کا جینا محال ہو جائے۔ دنیا کا سارا کاروبار اور ترقی وخوشحالی انسانوں کی متحدہ اور متفقہ کوششوں کا ہی نتیجہ ہے۔ خودغرض اور الگ تھلگ رہنے والے لوگ نہ تو اپنی ذات کو کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ دنیا کی بھلائی کا کوئی کام کر سکتے ہیں۔ انسان انسان کے کام آنے کا ذریعہ اور وسیلہ بنتا ہے، تب ہی انسان کے سارے کام ہوتے ہیں۔ دنیا میں وسیلہ اور ذریعہ کے بغیر جب کوئی کام نہیں ہوسکتا ہے تو وسیلہ اور ذریعہ تلاش کرنے کے لئے تدبیر اور کوشش کرنا بھی ضروری ہے۔ جب کوشش اور تدبیر کے بغیر زندگی کی گاڑی ایک انچ آگے نہیں بڑھ سکتی ہے تو توکل علی اللہ کا مطلب کیسے یہ ہوسکتا ہے کہ انسان تدبیر اور کوشش نہ کرے، ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہے اور اللہ کی مدد کی راہ دیکھتا رہے۔ دنیا کی تمام ترقی اور خوش حالی انسان کی کوشش اور محنت ومشقت نیز تدبیر اور حکمت کا ہی نتیجہ ہے۔ توکل علی اللہ کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ انسان کوشش اور تدبیر نہ کرے۔ تدبیر اور کوشش انسان کو کرنی ہے لیکن اس کا نتیجہ اور انجام انسان کی خواہش اور مرضی کے مطابق ہو ایسا ضروری نہیں ہے۔ اگر کوشش اور تدبیر کامیاب ہوگئی تو سمجھنا چاہئے کہ ایسا اللہ کے فضل اور کرم سے ہوا اور کوشش اور تدبیر ناکام ہوگئی تو یہ سمجھنا چاہئے کہ اللہ کو ایسا ہونا منظور نہیں تھا۔ اللہ کو منظور تھا اس لئے کوشش کامیاب ہوگئی۔ اور اللہ کو منظور نہیں تھا اس لئے کوشش کامیاب نہیں ہوئی۔ تدبیر اور کوشش پر ہی مکمل بھروسہ کر لینا اور اللہ کی قدرت اور مشیت کے قانون کو نظر انداز کر دینا دراصل توکل علی اللہ کے خلاف ہے۔ تدبیر اور کوشش کرنے کا حکم خود اللہ نے دیا ہے اور اس کے رسول ﷺ نے اس کی تاکید کی ہے۔ جب انسان کوشش اور تدبیر کرتا ہے تو وہ اللہ اور رسول ﷺ کے حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ اللہ اور رسول ﷺ کے حکم کی تعمیل کرنا توکل علی اللہ کے خلاف کیسے ہوسکتا ہے؟ اللہ پر ایمان اور توکل علی اللہ کے نتیجہ میں انسان اپنی تدبیر کو کامیاب ہوتا دیکھ کر اتراتا نہیں ہے اور تکبر میں مبتلا نہیں ہوتا ہے۔ اور اپنی تدبیر اور کوشش کو ناکام ہوتا دیکھ کر مایوس اور پست ہمت نہیں ہوتا ہے۔ اللہ پر ایمان اور توکل علی اللہ انسان کو غلط راہ پر چلنے سے روکتے ہیں۔ توکل علی اللہ نہیں ہونے کی وجہ سے انسان یہ غلطی بھی کرتا ہے کہ وہ اپنا ہر کام اپنی مرضی کے مطابق ہوتے دیکھنا چاہتا ہے۔ وہ اس حقیقت کو بھول جاتا ہے کہ اس کے چاہنے سے دنیا نہیں چل رہی ہے۔ دنیا کا نظام اللہ کی مشیت کے مطابق چل رہا ہے۔ اللہ کی مشیت اور اُس کا قانون ساتھ دے گا تب ہی انسان کی کوشش کامیاب ہوگی، ورنہ اُس کی بہترین کوشش اور تدبیر ناکام ہوجائے گی۔ توکل علی اللہ اور تدبیر کا رشتہ ویسا ہی ہے جیسے کسان کھیت میں بیج بو کر بارش کا انتظار کرتا رہتا ہے۔ بیج بونا اُس کا کام تھا بارش برسانا اللہ کا کام ہے۔ کسان اگر اہل ایمان ہے تو بیج بو کر اللہ سے دعا اور فریاد کرے گا کہ مالک میں نے اپنا کام کرلیا اب تیری رحمت اور مدد کا انتظار ہے۔ تو رحم کر اور مدد فرما۔ اس کے خلاف ایمان سے محروم کسان یہ سوچے گا کہ بارش نہیں ہوئی تو کیا ہوا بورنگ کے پانی سے وہ کھیتی کرلے گا۔ وہ اللہ کی جگہ اپنی قوت پر بھروسہ کرتا ہے۔ وہ خود کو اللہ کی مدد کا محتاج نہیں سمجھتا ہے۔ اُس کا یہ رویہ توکل علی اللہ کے خلاف ہے۔ توکل علی اللہ کا اعلیٰ ترین درجہ؟ توکل علی اللہ کے الگ الگ درجات ہیں۔ ہر انسان اپنی عقل وفہم اور یقین وایمان کے اعتبار سے ایک درجہ کا حقدار بنتا ہے۔ کوئی سب سے نیچے والے درجہ پر رہتا ہے، کوئی سب سے اوپر والے درجہ پر اور کوئی ان دونوں کے بیچ کے کسی درجہ پر۔ انسان کے عمل اور یقین کے مطابق یہ درجات گھٹتے اور بڑھتے رہتے ہیں۔ ایک وقت میں کوئی انسان توکل کے معمولی مقام پر ہوتا ہے لیکن وہی انسان کسی وقت توکل کے اعلیٰ مقام پر پہنچ جاتا ہے اور پھر کبھی نیچے آجاتا ہے۔ کسی دوسرے آدمی کے ساتھ معاملہ اس کے خلاف بھی ہوتا ہے۔ لیکن اللہ کے کچھ خاص بندے ایسے ہوتے ہیں جو توکل کے ایک اونچے مقام پر پہنچ کر اُس سے نیچے نہیں آتے ہیں بلکہ اُن کے درجات میں ترقی ہی ہوتی رہتی ہے۔ توکل علی اللہ کے سب سے اونچے مقام پر نبی، رسول اور پیغمبر ہوا کرتے ہیں

# اخلاق کریمانہ اپنائیں

دانیال شہاب

ایک مرتبہ شیخ سعدیؒ اوران کے فرزند نماز تہجد ادا کر رہے تھے، صلواۃ وسلام اور دعا کے بعد بیٹا بولا: ابا جان، سب سو رہے ہیں اور ہم عبادت کر رہے ہیں... شیخ سعدیؒ نے اپنے بیٹے سے جواب دیتے ہوئے کہا: بیٹا! دوسروں کے عیبوں پر اگر تو نے نظر رکھنا تھی تو بہتر تھا کہ تو بھی سویا ہی رہتا۔ یہ واقعہ بیان کرنے کا مقصد صرف ذاتی اپنی اصلاح کرنا ہے۔ آج ہمارے معاشرے میں ہم سب کی ایک دوسرے پر عقاب کی طرح نظر ہوتی ہے اور ہماری یہ عقابی نظر صرف ایک دوسرے کی خامیوں کو تلاش کرنے میں مصروف رہتی ہے، جب ہم کسی کی خامی کی معلومات حاصل کر لیتے ہیں تو اس کے بعد ان میں مرچ مصالحہ لگا کر آگے زبان کے چٹخاروں سے اسے بیان کرنا بھی اپنا فرض عین سمجھتے ہیں۔ عیب جوئی وغیبت دراصل ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ غیبت ایک ایسی چیز ہے جو بظاہر بہت معمولی دکھائی دیتی ہے، لیکن ہماری مذہبی تعلیمات کے مطابق ایک بہت بڑا گناہ ہے۔ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا، آپ ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے میرے صحابہؓ! ان دو قبروں میں مدفون اشخاص کو عذاب ہو رہا ہے اور عذاب ہونے کی وجہ کوئی بڑی نہیں، ایک شخص کو قبر میں اس لیے عذاب ہو رہا ہے کہ وہ پیشاب کرنے کے بعد اپنی طہارت کا خیال نہیں رکھتا تھا اور دوسرے شخص کو اس لیے عذاب ہو رہا ہے کہ وہ غیبت کیا کرتا تھا۔ اس واقعہ کی تفصیل وتشریح میں دفاتر کے دفاتر بھی کم پڑیں گے لیکن یہاں مختصر کرتے ہوئے صرف یہ گزارش کرنا مقصود ہے کہ غیبت کرنا، ایک کی بات دوسرے کو دوسرے سے کوئی اور بات حاصل کر کے کسی اور کو پہنچانا درست عمل نہیں۔ قرآن حکیم میں بھی عیب جوئی وغیبت کے حوالے سے سخت وعید بیان کی گئی ہے۔ سورۃ الحجرات کی آیت نمبر 12، جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے کہ ”اے ایمان والو! بہت زیادہ گمان سے پرہیز کرو، بے شک بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اور تجسس نہ کرو اور نہ تم سے کوئی دوسرے کی غیبت کرے، کیا تم میں سے کوئی اس کو پسند کرے گا کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے تم اس سے ضرور نفرت کرو گے، اور خدا سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے“۔

اب آپ خود اندازہ لگائیں کہ ہمارے معاشرے میں یہ زہر کس تیزی سے پرورش پا رہا ہے، ہمارے سماج میں کسی کی خوبیاں بیان کرنا ایک جرم اور عیب جوئی کرنا ایک سٹینڈرڈ سمجھا جاتا ہے۔ آپ کسی مجلس میں تشریف فرما ہوں، جو لوگ وہاں موجود ہوں گے، ان میں سے 90% سے زائد آپ کے منہ پر آپ کی شان میں قصیدے پڑھیں گے، لیکن آپ کا مجلس سے ادھر اٹھنا ہوا تو دوسری جانب وہی افراد آپ کے عیب ایسی باتیں بنائیں گے جیسے اس سب کے بناء ☐ مجلس گفت وشنید ادھوری رہے گی۔ حضرت علیؓ کا قول ہے کہ اپنے دوست کی خوبیاں بھری مجلس میں بیان کرو، اس سے تمہاری عزت میں بھی اضافہ ہوگا اور اپنے دوست کی خامی اسے اکیلے میں بتاؤ، اکیلے میں بتاؤ گے تو وہ سنبھل جائے گا اور سب کے سامنے بیان کرو گے تو وہ بگڑ جائے گا۔ آج ہم اخلاقی اقدار کو نہایت تیزی کے ساتھ اپنے پاؤں تلے روند رہے ہیں۔ بغل میں چھری اور منہ میں رام رام کے مصداق بظاہر اپنے دوست کے ساتھ ہم بہت مخلص بھی دکھتے ہوں لیکن اس انتظار میں رہیں کہ کب موقع ملے اور اس کی پیٹھ پر وار کریں۔ ہمارا المیہ ایک یہ ہے کہ ہم جس معاشرے میں سانس لے رہے ہیں، ساری بیماریاں وبرائیوں کی ذمہ داری بھی اسی معاشرے پر تھوپ کر خود پیچھے ہٹ جاتے ہیں، ہم برائی کو برائی سمجھتے ہی نہیں اور ایک جملہ میں، معاشرہ ہی خراب ہے کہ کر اپنے آپ کو بری الذمہ قرار دے دیتے ہیں۔

اصولی طور انسان خطاء ☐ ولغزش کا پتلا ہے۔ آج کے دور فتن میں خوبیاں اور خامیاں ہر انسان میں پائی جاتیں ہیں۔ ایک بہت مشہور قول ہے کہ اگر کسی کی خوبی دیکھو تو اسے بیان کرو اور اگر کسی کا عیب دیکھو تو یہاں تمہاری خوبی کا امتحان ہے۔ اور اس سے بڑھ کر نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے کہ جو شخص دنیا میں کسی کے عیبوں کی پردہ داری رکھے گا، اللہ تعالیٰ بروز محشر اس انسان کے عیبوں کو سب سے پوشیدہ رکھے گا۔ یہ چھوٹی چھوٹی باتیں، جو ہمارے مذہب اسلام کا حصہ ہیں، جنہیں ہم برائی نہیں سمجھ رہے، کل ہماری آنکھوں کے بند ہونے کے بعد دردناک عذاب کی صورت اختیار کر جائیں گی۔ ہم لوگ تو دنیا میں کبھی دانت میں درد ہو جائے، اس تکلیف کو برداشت نہیں کر پاتے، تو اس اندھیری کوٹھڑی کے ایک ایک پل کی تکلیف کیسے برداشت کریں گے؟ آیئے ہم کسی دوسرے کے عیبوں پر نظر رکھنے سے اجتناب کریں، کسی کی پیٹھ پیچھے برائی کرنے کو چھوڑ کر ایک نئے عزم وارادے اور نیکوکاری کے ساتھ صالح معاشرے کی بنیاد رکھیں، ٹوٹے ہوئے دلوں اور رشتوں کو جوڑ کر خوشی کے لمحات میں زندگی بسر کرنے کا رجحان پیدا کرنے میں اپنی اپنی حیثیت میں بھرپور کردار ادا کرتے رہیں



# والدین: حصول جنت کے لئے رازہائے سربستہ

دانیال شہاب



اللہ رب العزت نے اپنی عبادت وبندگی کے ساتھ ساتھ اپنے والدین کے ساتھ بھی حسن سلوک اور اطاعت وفرمانبرداری کا حکم دیا ہے۔ خصوصیت کے ساتھ جب وہ بوڑھے ہوجائیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ عزوجل قرا؟ن مقدس میں والدین کے تعلق سے ارشاد فرماتا ہے۔ ”اور تمہارے رب نے حکم فرمایا کہ اسی کی ہی عبادت کرو اور والدین کے ساتھ احسان کرو، اگر تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائے۔ ایک یا دونوں، تو انہیں اف نہ کہنا اور نہ ہی انہیں جھڑکنا، ان سے تعظیم کی بات کرنا اور انکے لیے نرم دلی سے عاجزی کا بازو پھیلانا اور عرض کرنا کہ اے میرے رب! میرے والدین پر رحم فرما، جیسے انہوں نے مجھے بچپن میں پرورش کیا۔“ اس مقدسہ ہمیں درس ملتا ہے کہ عبادت وریاضت کے ساتھ ساتھ ماں باپ کی اطاعت وفرمانبرداری بھی ضروری ہے اس لئے کہ جس رب نے ہمیں نماز، روزہ، حج، زکوات، تلاوت قرآن، تسبیحات وتہلیلات اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا جہاں حکم دیا ہے وہی اپنے بندوں کو اپنے والدین کے ساتھ فرمانبرداری اور حسن سلوک کا بھی حکم دیا ہے۔ تو جس طرح ہم نماز وروزہ ودیگر احکام خداوندی کی پابندی لازم وضروری سمجھتے ہیں اسی طرح ان لازم وضروری احکام میں ماں باپ کی اطاعت وفرمانبرداری بھی اور انکے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ بھی لازم وضروری ہے۔ اس لیے ان ساری عبادتوں کی قبولیت کا عظیم ترین ذریعہ ماں باپ کی رضامندی اور انکی خوشنودی کا ہونا لازم وضروری ہے۔ والدین کی فرمانبرداری کے تعلق سے اب چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں ہوسکتا ہے کہ ہماری بصارتوں سے گزرنے کے بعد ہمیں بھی اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک اور فرمانبرداری کی توفیق مل جائے اور ہماری عاقبت بچتی اور سنورتی نظر آئے۔ چند احادیث مقدسہ:- 1 ماں، باپ کے نافرمان کا فرض اور نفل ایک بھی قبول نہیں ہوتا۔ (ابن عاصم)۔ 2 منجملہ کبائر کے ایک گناہ یہ بھی ہے کہ کوئی شخص اپنے والدین پر لعنت کرے۔ (بخاری ومسلم)۔ 3 ماں، باپ کے نافرمان کو جنت میں داخل نہ کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ذمہ لے لیا ہے۔ (حاکم)۔ 4 کبیرہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا اور ماں باپ کی نافرمانی کرنا۔ (بخاری ومسلم)۔ 5 ماں باپ کا نافرمان جنت میں نہیں جائیگا۔ اسی طرح دیوث اور وہ عورت جو عورت ہوکر مردوں کی وضع اختیار کرے۔ (نسائی)۔ 6 شرک، ماں باپ کی نافرمانی۔ میدان جہاد سے بھاگنا یہ ایسے مذموم فعل ہیں کہ انکی موجودگی میں کوئی نیک عمل قبول نہیں ہوتا۔ (طبرانی)۔ 7 ایک حدیث میں ارشاد ہے ہر گناہ کے بدلے میں عذاب اور ہر جرم پر گرفت کو موخر کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ماں باپ کی نافرمانی کرنے والے کا گناہ ایسا سخت ہے کہ اس کا مواخذہ مرنے سے پہلے بھی کیا جاسکتا ہے۔ (حاکم)۔ 8 حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جنت کی خوشبو پانچ سو اولاد کو بھی چاہیے کہ وہ بوڑھے ماں باپ کو اپنے اوپر بوجھ نہ سمجھیں، بلکہ انکی خدمت، فرمابرداری اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کرنا اپنی نیک بختی اور سعادت مندی تصور کریں انھیں والدین کی رضا میں اللہ رب العزت کی رضا ہے۔ اور خود سوچیں کہ اگر آج یہ بوڑھے ہیں، تو کل ہم بھی بوڑھے ہوں گے جو کہ ہر کس کی راہ تک پہنچتی ہے۔ مگر ماں باپ کا نافرمان ایسا بدنصیب ہے کہ وہ اس ہوا سے محروم رہیگا (طبرانی)۔ 9 ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نماز پڑھتا ہوں روزہ رکھتا ہوں اور زکوۃ دیتا ہوں۔ مجھے کیا اجر ملے گا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت میں نبیوں وصدیقوں شہیدوں کے ساتھ ہوگا بشرطیکہ تو ماں باپ کا نافرمان نہ ہو۔ (احمد۔ طبرانی)۔ 10 جنت کے دروازوں میں سے بہترین باپ ہے تیرا جی چاہے اس کی حفاظت کر یا اس کو ضائع کر دے۔ (بخاری ومسلم)۔ 11 حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رزق کی کشادگی اور عمر کی زیادتی کا خواہش مند ہو اس کو چاہیے کہ صلہ رحمی کرے اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کریں (احمد)۔ 12 ایک صحابی نے دریافت فرمایا والدین کا کیا حق ہے؟ آپ نے فرمایا وہ تیرے لئے جنت بھی ہیں اور جہنم بھی۔ یعنی انکی رضا تیرے جنت ہے اور انکی ناراضگی تیرے لئے جہنم ہے۔ 13 حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ وسلم نے کسی سے عرض کیا میں ہجرت کی بیعت کرنے ا؟یا ہوں۔ جب میں چلا ہوں تو ماں باپ کو روتا ہوا چھوڑ کر آیا تھا۔ فرمایا فوراً واپس جا اور ان کو جس طرح رلایا ہے اسی طرح ہنسا۔ (ابوداود شریف)۔ 14 حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر ایک شخص نے جہاد کی اجازت طلب کی۔ فرمایا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے عرض کیا جی ہاں زندہ ہیں فرمایا انہیں کی خدمت میں جہاد کا ثواب موجود ہے۔ (بخاری ومسلم)۔ 15 حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ بہترین عمل کونسا ہے جو اللہ رب العزت کو سب سے زیادہ محبوب ہے فرمایا وقت پر نماز پڑھنا۔ میں نے عرض کیا اس کے بعد فرمایا ماں باپ سے حسن سلوک کرنا۔ عرض کیا پھر کون سا عمل فرمایا اللہ عزوجل کے راستے میں جہاد کرنا (بخاری ومسلم)۔ 16 حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا میں جہاد میں جانا چاہتا ہوں مجھے مشورہ دیجئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیری ماں ہے؟ اس نے کہا ہاں ماں تو ہے فرمایا اسی کے پاس رہ جنت اس کے پاوں کے نزدیک ہے۔ (نسائی)۔ 17 بڑے بڑے گناہوں میں ایک بڑا گناہ یہ بھی ہے کہ کوئی شخص اپنے ماں باپ کو گالی دے۔ لوگوں نے عرض کیا حضور یہ کیوں کر ممکن ہوسکتا ہے کہ کوئی شخص اپنے والدین کو گالی دے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوسرے کے ماں باپ کو گالی دینا ایسا ہی ہے جیسے اپنے ماں باپ کو گالی دی۔ کیونکہ جب تم دوسرے کے ماں باپ کو برا کہو گے تو یقیناً اس کے بدلہ میں تمہارے ماں باپ کو برا کہے گا (بخاری ومسلم وابوداود)۔ 18 ایک شخص نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تیری ماں۔ اس نے پھر عرض کیا: پھر کون؟ آپ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے پھر عرض کیا: پھر کون: آپ نے فرمایا تیری ماں۔ اس نے چوتھی مرتبہ پھر عرض کیا: پھر کون: آپ نے فرمایا تیرا باپ۔ (مشکوہ) حج مبرور:- حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہےجو بچہ اپنے والدین کی طرف ایک دفعہ نظر محبت سے دیکھے، اللہ تعالیٰ اس کیعوض ایک حج مقبول کا ثواب لکھتا ہے۔ عرض کیا گیا اگرچہ دن میں سو مرتبہ دیکھے، فرمایا ہاں چاہے سو مرتبہ دیکھے۔ اللہ سب سے بڑا اور سب سے اعلیٰ ہے۔ (مشکوہ) سات حج:- حکایتوں میں ہے کہ ایک شخص نے اپنی بوڑھی والدہ کو اپنے کاندھوں پر بٹھا کر سات مرتبہ حج کروایا۔ جب آخری مرتبہ طواف سے فارغ ہوا، تو میزاب رحمت کے سامنے کھڑے ہوکر بارگاہ خداوندی عزوجل میں عرض کیا ”اے اللہ! میں نے اپنی والدہ محترمہ کو کندھوں پر بٹھا کر سات مرتبہ حج کروایا ہے، کیا میں نے اپنی ماں کا حق ادا کر دیا ہے؟ تو پھر کسی کہنے والے کی آواز اس سعادت مند بیٹے کے کانوں میں آئی۔ والدہ کو کاندھوں پر بٹھا کر سات حج کروا کر کہنے والے کہ میں نے ماں کا حق ادا کر دیا ہے، ابھی تو تو ایک رات کا بھی حق ادا نہیں کر سکا۔ جنت ماں کے قدموں میں:- ایک شخص حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کرنے لگا کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میں جہاد کرنا چاہتا ہوں اور آپ سے مشورہ لینے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نےفرمایا کیا تیری ماں زندہ ہے؟ اس نے عرض کیا: ہاں!“ آپ نے فرمایا اسے لازم پکڑو، کیونکہ جنت اسکے قدموں میں ہے۔ (مشکوۃ) اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جاوا پنی والدہ کی خدمت کرو، جنت تمہاری والدہ کے قدموں میں ہے۔ آپ کا فرمان تمام امت مسلمہ کے لئے مطلقاً ہے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ اگر تمہاری والدہ روزہ، نماز، حج، تلاوت قرآن اور تقویٰ شعار ہے تبھی اس کے قدموں میں جنت ہے۔ بغیر کسی تخصیص کے آپ نے ارشاد فرمایا: جنت تمہاری ماں کے قدموں میں ہے۔ افسوس صد افسوس یہی والدین ہیں کہ اپنی اولاد کو پیٹ سے لیکر جنم تک اور جنم سے لیکر اپنی آخری سانس تک اپنی اولاد سے اتنی شفقت ومحبت کرتے ہیں جنکی کوئی نظیر پیش نہیں کیا جاسکتا جیسا کہ روز روشن کی طرح عیاں ہیں، کہ یہی وہ ماں ہیں جنھوں نے نو مہینہ پیٹ میں رکھ کر زندگی اور موت سے لڑائی کر کے اس دھرتی پر جنم دیا، دو سے ڈھائی سال تک دودھ پلایا، نا جانے اپنی ماں کے آنچل کو کتنے دفعہ ہم نے نجاست سے آلودہ کیا۔

J&K Bank
Serving To Empower

BAJAJ GENERAL
CARINGLY YOURS




Bajaj General Extra Care Plus policy along with the added benefits of Health Prime Rider ensures that you don't have to settle for less when it comes to you and your family's growing healthcare needs.

**Bajaj General Extra Care Plus's Features:**

- Long Term Discount
- Option to Opt for Air Ambulance
- Free health check-up

**Benefits of Health Prime Rider:**

- Rider for both Individual & Family Floater Basis**
- 24*7 Unlimited Tele-Consultation
- Investigations Cover

**Based on the variant opted in health plan

**To Know More** Contact your J & k Bank's Relationship Manager

**Bajaj General Insurance Limited** (Formerly known as Bajaj Allianz General Insurance Co. Ltd.) Bajaj Insurance House, Airport Road, Yerawada, Pune - 411006. IRDAI Reg No.: 113. | CIN: U66010PN2000PLC015329 | UIN: Extra Care Plus-BAJHLIP23069V032223,Health Prime Rider-BAJHLIA24087V022324 | web: www.bajajgeneralinsurance.com |Toll free: 1800-209-5858 / 1800-209-0144 | careforyou@bajajgeneral.com
For more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale. | BGI-O-JK-004/18-12-2025

J&K Bank Ltd is a licensed Corporate Agent [bearing License No.: CA0029] of Bajaj General Insurance Limited [IRDAI registration No. 113]. The benefits/features of products are indicative and for more details on risk factors and Terms and Conditions, please read the sales brochure before concluding a sale.

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,